## یاد رکھیں: آگ سے حفاظت کی شروعات آپ سے ہوتی ہے

عمارت میں رہنے والوں کو مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہئے:

- عمارت میں بچاؤ کے ذرائع اور بچاؤ کے راستوں سے واقف رہیں؛
- آگ سے بچاؤ کا منصوبہ تیار کریں اور میٹنگ کے لئے ایک جگہ مقرر کریں؛
- عمارت کی جانب سے منعقدہ آگ سے تحفظ کی گفتگو اور آگ سے بچاؤ کی مشقوں میں شرکت کریں؛
- یقینی بنائیں کہ آگ سے بچاؤ کے راستے (کوریڈور اور جنگلہ سمیت) میں کوئی رکاوٹ نہ ہو؛
- یقینی بنائیں کہ دھواں روکنے والے دروازے، نچلی منزل سے باہر نکلنے کف دروازے اور چھت سے باہر نکلنے کے دروازے مقفل نہ ہوں؛
- دھواں اور آگ کو پھیلنے سے روکنے کے لئے اور آگ لگنے کی صورت میں نقصان کو کم کرنے کے لئے دھواں روکنے والے دروازوں کو بند رکھیں؛
- فائر سروسیز ڈیپارٹمنٹ کو 2723 8787 پر کال کرتے ہوئے آگ کے کسی بھی خطرہ کی رپورٹ کریں۔

فائر سروسیز ڈیپارٹمنٹ

# آگ
# سے بچاؤ



(巴基斯坦)

# آگ سے بچاؤ کا ایک اچھا منصوبہ آپ کی زندگی بچا سکتا ہے!





## اگر آپ کی یونٹ میں آگ لگ جائے تو

- پرسکون رہیں؛
- اپنی یونٹ میں ہر ایک شخص کو باہر نکلنے کے لئے کہیں؛
- سب سے قریبی جنگلہ کے ذریعہ نکلیں؛
- فائر الارم کو چالو کرنے کے لئے کوریڈور میں موجود بریک گلاس یونٹ کو توڑیں؛
- جب آپ محفوظ ہوں تو آگ کی رپورٹ کرنے کے لئے "999" پر کال کریں-



## جب آپ فائر الارم سنیں

- تیزی کے ساتھ جواب دیں اور عمل کریں؛
- اگر حالات اجازت دیں تو یونٹ میں رکے رہیں- اگر آگ ہو، تو فائر سروسیز ڈیپارٹمنٹ کو مطلع کرنے کے لئے "999" پر کال کریں اور مندرجہ ذیل اقدامات کریں:

## یونٹ چھوڑنے سے پہلے

- یونٹ سے بھاگنے کے خطرہ کا تجزیہ کریں؛
- فوری طور پر فیصلہ کریں کہ آیا یونٹ میں رکنا ہے یا اسے چھوڑنا ہے۔



## اگر آپ یونٹ میں رکنے کا فیصلہ کرتے ہیں

- دروازہ کو بند کردیں اور اس کے آس پاس کسی بھی خالی جگہ کو ڈکٹ ٹیپ اور تولیوں سے سربمہر کردیں؛
- اگر یونٹ میں دھواں آنا جاری رہتا ہے، تو "999" پو کال کریں اور فائر سروسز ڈیپارٹمنٹ کو اپنے پھنسنے کی جگہ کے بارے میں مطلع کریں؛
- بنا دھویں والے کسی کمرہ کی طرف بڑھیں؛
- بالکونی میں یا کھڑکی کے ذریعہ چادر اٹھا کر یا تولیہ ہلا کر آگ بجھانے والے عملہ کو اپنی جگہ دکھائیں۔




## اگر آپ یونٹ چھوڑنے کا فیصلہ کرتے ہیں

- بچاؤ کے لئے اپنے ساتھ تین کارآمد چیزیں (موبائل فون، چابیاں اور گیلا تولیہ) لائیں؛
- اگر کوریڈور میں دھواں نہ ہو، تو یونٹ کو تیزی کے ساتھ چھوڑ دیں؛
- یونٹ کا دروازہ بند کردیں؛
- قریب ترین سیڑھی کے ذریعہ بھاگیں اور لفٹ کا استعمال نہ کریں؛
- اگر زینہ پر دھواں ہو، تو فورا دوسرے زینہ سے بھاگیں؛
- اگر محفوظ جگہ والا کوئی بھی زینہ نہ ہو، تو اپنی یونٹ میں واپس آجائیں یا دیگر یونٹوں کے دروازے پر دستک دینے کی کوشش کریں یہاں تک کہ آپ کو پناہ لینے کے لئے محفوظ جگہ مل جائے؛
- اگر دھواں آپ کا راستہ روک رہا ہو، تو فرش کے سہارے رینگے کیونکہ فرش کے قریب ہوا زیادہ تازی اور صاف ہوتی ہے۔